Lovisenberg Diakonale Sykehus

لوویسن برگ اسپتال

# مریضوں کے لیے

## ہنگامی بیماری کی صورت میں آپ کیا کرتے رکرتی ہیں؟

☆ اگر انتظار کرنا ممکن ہو تو اپنے ذاتی ڈاکٹر fastlege کو فون کیجیے۔

☆ اگر انتظار کرنا نہ ممکن ہو ہنگامی اسپتال **legevakten** کو اس نمبر پر فون کریں: **22 93 22 93**

☆ اگر زندگی کا خطرہ لاحق ہو تو **ہنگامی نمبر 113** پر فوری فون کریں۔

## اسپتال میں داخلہ کے وقت:

☆ **فون:** جب تک آپ رہائشی شعبہ Sengeposten میں ہیں آپ اپنا موبائل فون استعمال کر سکتے رسکتی ہیں۔ گھنٹی کی آواز کم رکھیں اور دوسرے مریضوں کے آرام کا خیال رکھیں۔

☆ **قیمتی اشیاء:** ہو سکے تو اپنے ساتھ مت لائیں۔

**گھر جانے کے لیے ٹیکسی:** اگر آپ بیماری کی وجہ سے بس یا اپنی گاڑی استعمال نہ کر سکیں تو آپ کو خصوصی ٹرانسپورٹ مہیا کی جا سکتی ہے۔

اس صورت میں آپ کو کرایہ کا ایک حصہ خود ادا کرنا ہوگا۔

☆ **منی بنک:** پہلی منزل پر میسر ہے

**شوسک:** اسپتال کے اندر داخل ہوتے ہی میسر ہے اور روزانہ 0830 اور 1900 بجے کے درمیان، ہفتہ کے روز 1100 اور 1900 کے درمیان اور اتوار کے روز 1100 اور 1800 کے درمیان کھلا ہے۔

☆ **اسپتال میں تمباکو نوشی ممنوع ہے۔** اسپتال میں داخل مریضوں کو اسپتال کے باہر مخصوص مقامات پر تمباکو نوشی کی اجازت ہے۔

بڑے دروازے کے باہر **پوسٹ بکس** موجود ہے۔ ڈاک کے ٹکٹ شوسک سے خریدے جا سکتے ہیں۔

☆ **دواخانہ** پیر اور جمعہ کے دوران 0900 اور 1600 کے درمیان کھلا ہے۔

☆ رضاکار ہر جمعرات کو **کتب خانہ** اور شوسک کی اشیاء ریڑھی پر آپ تک لاتے ہیں۔

☆ **اسپتال کا گرجا گھر ہمیشہ کھلا ہوتا ہے۔** اسپتال کے پادری کو زندگی کے مختلف ادوار میں سے گزرنے والے لوگوں کے ساتھ گفتگو کا طویل تجربہ ہے۔ یہ پادری آپ سے گفتگو کے لیے ہمیشہ موجود ہے۔ دوسرے مذاہب کے ماننے والوں کا اُن کے مذہبی رہنماؤں سے رابطہ بھی کروایا جا سکتا ہے۔ ہمارے عملے کے افراد سے اس سلسلہ میں رابطہ قائم کریں۔

☆ شعبہ میں ایک ایسا کمرہ بھی ہے جہاں **آپ تنہا خاموشی سے وقت گزار سکتے رسکتی ہیں** نیز اس کمرہ کو گفتگو کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

☆ **ڈاکٹر ہر روز** 1000 سے 1500 بجے کے دوران معائنہ کے لیے آتے ہیں۔

☆ **کھانا بفے ہوتا ہے۔** آپ تین کھانوں سے انتخاب کر سکتے ہیں۔ ان میں سے ایک حلال ہوتا ہے۔

**مریض کی تیمارداری کا وقت** 1300 سے 1900 بجے ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ اپنے ساتھی مریضوں کے آرام کا خیال رکھیں۔

Lovisenberg Diakonale Sykehus

## ترجمان کی سہولت

نانرویجن زبان سے ناواقف افراد کو اسپتال میں ترجمان کی سہولت دی جاسکتی ہے۔اس کے لیے ہمارے عملہ سے رابطہ قائم کریں۔

## مریضوں کے حقوق

آپ کو اپنی بیماری،معائنہ،علاج،مرض کے ریکارڈ،اس میں ممکنہ غلطی کو درست کروانے،اس میں درج کسی بات کو حذف کروانے اور اس پر بندش لگوانے کا حق حاصل ہے۔

## شکایت کا حق

اگر کسی معاملہ میں بہتری کی گنجائش ہو تو ہمیں اطلاع دیں۔آپ کی ذمہ دار نرس یا شعبہ کی ذمہ دار نرس سے اس سلسلہ میں شوق سے گفتگو کریں۔ہماری ہر ممکن کوشش ہوگی کہ ہمارے یہاں آپ کا قیام خوشگوار ہو۔

شکایات مندرجہ ذیل اداروں تک بھی پہنچائی جاسکتی ہیں:

ڈائریکٹر لوویسن برگ اسپتال، 0440 Oslo

☆ Helsetilsynet i Oslo og Akershus

☆ Helset- og sosialombudet

حقوق اور شکایات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.helsenett.no/pasientombud دیکھیں یا ہمارے عملہ سے مریضوں کے حقوق کے بارے میں پرچہ "orientering om pasientrettigheter" حاصل کریں۔

## اسپتال کے انتخاب کا حق

طے شدہ علاج کے لیے آپ اسپتال کا انتخاب کرسکتے رسکتی ہیں مزید معلومات کے لیے دیکھیں www.sykehusvalg.no یا فون نمبر 800 41 004 پر فون کریں۔

## اسپتال کے بارے میں معلومات

لوویسن برگ دیا کونال اسپتال اوسلو کے چار شہری حلقوں،گاملے اوسلو،گرینرلوکا،ساگنے اور سنٹ ہنس ہاگن،کے باشندوں کی اندرونی بیماریوں کے علاج کا ذمہ دار ہے۔اس طرح شہر کی تقریباً 25 فیصد آبادی یا تقریباً 145 000 افراد کی ذمہ داری ہمارے اوپر ہے۔اس کے علاوہ ہم کئی دوسرے شہری حلقوں کو نفسیاتی امراض کا علاج اور درد میں کمی کا علاج بھی فراہم کرتے ہیں۔ہمارے ہاں مختلف قسم کے سپیشلسٹ ہیں۔اور ہم علاج کے سلسلہ میں اوسلو کے دیگر اسپتالوں اور طبی اداروں کے ساتھ قریبی تعاون کرتے ہیں۔

ہمارا سرجری کا شعبہ جسمانی اعضاء کی درستگی کے لیے ortopedi اور کان،ناک اور گلے کے طے شدہ علاج کے لیے ملک بھر سے مریضوں کو خدمات فراہم کرتا ہے۔جسمانی اعضاء کی درستگی کا شعبہ سال بھر میں کولہے اور گھٹنوں کے تقریباً 800 آپریشن کرتا ہے۔نیز ہم کندھوں کے 500 انتہائی باریک آپریشن بھی کرتے ہیں۔اس طرح ہمارا شمار اس شعبہ میں ملک کے بڑے اسپتالوں میں ہوتا ہے۔طے شدہ سرجری پر پوری توجہ دینے کا نتیجہ یہ ہے کہ ہمارا کلینک بہت فعال ہے،ہمارے کام میں استحکام اور تسلسل ہے اور ہمارے ہاں انفکشن بہت کم ہوتا ہے۔ہمارے ہاں ہنگامی آپریشن نہیں ہوتے۔ہمارے ہاں بہت سے تحقیقاتی پراجیکٹ بھی جاری ہیں۔

تا کوسنٹر TAKO-senter قومی مرکز برائے علم و آگہی ہے جہاں منہ کے انتہائی شاذ و نادر امراض کا علاج کیا جاتا ہے۔ ملک بھر سے مریضوں کو معائنہ، تشخیص اور علاج کے لیے ہمارے پاس بھیجا جاتا ہے۔ اس سنٹر میں ایک دانتوں کا کلینک بھی ہے جہاں ان مریضوں کو علاج مہیا کیا جاتا ہے جو طویل مدت تک نشہ کی عادت میں مبتلا یا ذہنی امراض کے لیے زیرِ علاج ہوں۔

لوویسن برگ دیاکونال اسپتال دونجی ٹرسٹ، Diakonissehuset Lovisenberg اور Menighetssøsterhjemmet کی ملکیت ہے۔ ہمارا اسپتال سرکاری صحت عامہ کا حصہ ہے اور ہمارا معاہدہ Helse Sør-Øst RHF سے ہے۔

ہمارے ہاں 1200 آسامیاں اور 1800 ملازم ہیں۔ ہمارا اسالانہ آمد و خرچ تقریباً 1200 ملین کرونر ہے۔ ہمارے ہاں 297 بستر ہیں اور ہماری پولی کلینک خدمات وسیع ہیں۔ ہمارا شہر کے بنیادی صحت کی سہولتوں کے ساتھ عمدہ تعاون ہے۔ ہمارا ریڈیولوجیکل شعبہ اور کلینکل کیمیکل لیبارٹری اور دواخانہ جدید ہے۔ اگر ضرورت ہو تو ہم اقلیتی زبان کے مریضوں کو ترجمان کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔

اسپتال کا قیام 1868 میں ہوا اور اس کی بانی Cathinka Guldberg ہے۔ گلبرک ناروے میں پہلی فرد تھیں جنھوں نے نرس کی تعلیم حاصل کی تھی۔ لفظ "دیاکونی" یونانی زبان کا لفظ ہے اور اس کا مطلب ہے "خدمت کے لیے حاضر" یا "دیکھ بھال کرنا" ہے۔ ہمارے تمام عملہ اور ادارے کا نصب العین ہے کہ انسانی احترام اور برابری کے اصولوں کو سامنے رکھتے ہوئے ہم اعلی معیار کی خدمات اپنے مریضوں کو مہیا کریں۔